**25/03/2026**

**07.40 / PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کا بلیٹن لےکر مینبصارت گُل**

**پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔**

**ہیڈ لائینز**

**........*مغربی ایشیاءکی اُبھرتی ہوئی صورتحال کے چلتے پارلیمنٹ ہاوس کمپلیکس نئی دلی میں کُل جماعتی میٹنگ منعقد۔**

**اور پیٹرولیم ایشیاءکا وافر سٹاک موجود// افواہوں پر کان نہ LPG*........ وادی میں دھرنے کی صوبائی کمشنر کی لوگوں سے اپیل**

**........* لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ابھرتے ہوئے چیلنجوں کا موثر طریقے پر مقابلہ کرنے کیلئے افراد اور اداروں کو با اختیار بنانے پر دیا زور۔**

**اور**

**........* جموں اور کشمیر کے مختلف اضلاع میں 11ارب62کروڑ روپے لاگت والی انٹیگرٹیڈ سالڈ ویسٹ منیجمنٹ سہولیات قائم کرنے کو منظوری ۔**

**میٹنگ**

**حکومت نے مغربی ایشیاءمیں جاری تنازعے پرتبادلہ خیال کرنے کیلئے آج شام ایک کل پارٹی میٹنگ طلب کی ہے۔ یہ میٹنگ پارلیمنٹ کمپلیکس میں منعقد ہوگی ۔**
**پارلیمنٹ کے احاطے میں نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرتے ہوئے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہاکہ حکومت نے اپوزیشن پارٹیوں کے ساتھ موجودہ صورتحال پر بات چیت کرنے کیلئے یہ میٹنگ طلب کی ہے۔ انہوننے کہا کہ بحران کے وقت اپوزیشن**

کو بھی تعمیری رول ادا کرنا چاہیے ، لیکن بد قسمتی سے اپوزیشن اس معاملے پر سیاست کر رہی ہے ۔

............Byte............

ریپبلکن پارٹی آف انڈیا A کے سربراہ اور مرکزی وزیر رام داس اٹھاولے نے کہا کہ میٹنگ کے دوران مغربی ایشیاءکے بحران پر تفصیلی تبادلہ خیال کیاجائے گا اور سب کو اپنے خیالات پیش کرنے چاہیں۔

............Byte............

**LPG**

حکومت نے پردھان منتری اجولا یوجنا PMUYکے تحت LPG کی ریفل بُکنگ بڑھا کر 45دن کرنے سے متعلق دعوے کرنے والی خبروں اور سوشل میڈیا پوسٹ کو خارج کر دیا ہے ۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا کہ ایسی خبریں اور سوشل میڈیا پوسٹ بھی آرہے ہیں جن میں غیر PMUYایک سیلنڈرکی مدت 25دن اورغیر دو سلینڈروں کی مدت35دن مقرر کرنے کا دعویٰ بھی کیا جا رہاہے ۔ وزارت PMUY نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ سیلنڈر کی بُکنگ کیلئے مقرر ہ اوقات میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے ۔ اس نے مزید کہا کہ موجودہ ریفل بُکنگ کی مقررہ مدت میں کوئی تبدیلی نہیںہے اور کنکشن کی قسم سے قطعہ نظر شہری علاقوں میں 25دن اور دیہی علاقوں میں یہ45دن رہے گی۔حکومت نے پھر اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ ملک میں LPG کا کافی ذخیرہ موجود ہے اور اس بات پر زور دیا کہ اس سلسلے میں فکر کرنے کی کوئی بات نہیں ہے۔

**تیل کمپنیاں**

درینا ثنا بھارت پیٹرولیم اور ہندوستان پیٹرولیم نے کہا ہے کہ ملک میں ایندھن کی ، خام تیل، LPG کوئی قلت نہیں ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہاکہ پیٹرول ، ڈیزل اور Aviation Turbine Fuel کا وافرسٹاک دستیاب ہے اور تمام سپلائی Chains بلا کسی خلل کے جاری ہیں۔ ان کمپنیوں نے لوگوں کو صلاح دی ہے کہ وہ گھبرائیں نہیں اور وہ غیر ضروری خریداری نہ کریں ۔

بریفنگ

حکومت نے کہا ہے کہ بھارت کے پاس26کروڑ ٹن خام تیل صاف کرنے کی صلاحیت موجود ہے اور اس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور ہڈ بڑاہٹ میں خریدار ی کرنے سے اجتناب کریں۔

شرما نے نئی دلی Sujata وزارت پیٹرولیم اور قدرقی گیس میں جوائنٹ سیکریٹری میں آج مغربی ایشیاءکی صورتحال کے چلتے بین وزارتی بریفنگ کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیٹرولیم اور ڈیزل کی قیمتوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔

گرگ

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور وہ صرف سرکار کی طرف سے جا ری جانکاری پر ہی بھروسہ کریں۔ اور پیٹرولیم اشیاءکا وافر سٹاک موجود ہے۔ میڈیا LPGانہوں نے کہا کہ وادی میں نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوںنے کہا ۔

------Byte-----

ایران

ایران نے اسرائیل پر تازہ حملے کئے ہیں اور خلیجی ملکوں پر حملوں کے نئے سلسلے کا آغاز کیا ہے ۔ مغربی ایشیا تنازع آج 26ویں روز میں داخل ہو گیا ہے ۔ یہ حملے امریکی صدر ڈونالڈٹرمپ کے حالیہ بیانات کے بعد ہو رہے ہیں،جس میں انہوںنے کہا کہ امریکہ جنگ کو ختم کرنے کیلئے مذاکرات کی کوششوں کو آگے بڑھا رہا ہے اور اس سلسلے میں 15نکاتی منصوبہ ایران کو بھیجا گیا ہے ۔

ایل جی

**ایل جی منوج سنہا نے ابھرتے ہوئے چلینجوں کا موثر طریقے پر مقابلہ کرنے کیلئے افراد اور اداروں کو با اختیار بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ بھارت کو دنیا کا ایک عظیم ملک بنانے کے خواب کوشرمندہ تعبیر کیا جا سکے۔**

**گاندھی نگر جمونمیں پدما شری پدما سچ دیو گورنمنٹ کالج فار وومن میں آج انڈین سوسائٹی فار ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے جموں چپٹر کا رسمی طور پر افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے یونیورسٹیوں اور اداروں پر زور دیا کہ وہ ISTD-کے ساتھ اشتراک کرکے اس عزم کو جامع شکل دینے میں اپنا رول ادا کریں**

**منوج سنہا نے کہا کہ یہ ادارہ سیکھنے اور ترقی کے نظام کو تقویت بخشتے ہوئے بنانے میں بھی مدد گار ثابت Hubجموں کو تربیت اور پیشہ ورانہ ترقی کا علاقائی ہوگا۔**

**...........LG...........**

**سنہا**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے محکمہ صحت اور مختلف اضلاع کی انتظامیہ سے تاکید کی کہ وہ تپ دق کے تعلق سے ٹیسٹنگ کے عمل میں تیزی لائیں تاکہ ٹی بی سے متاثرہ علاقوں اور افراد کی نشاندہی کی جاسکے۔**

**ٹی بی مخالف عالمی دن کے موقعے پر کنونشن سینٹر جموں میں 100 روزہ ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے آغاز پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے گھر گھر جا کر اس بیماری سے متعلق آگاہی پھیلانے پر بھی زور دیا۔**

**-----Byte -----**

**پروگرام کے دوران نکشے گاڑیوں کو روانہ کیا گیا اور پوشن کٹس تقسیم کی گئیں۔ سرینگر اور ڈوڈہ اضلاع کو ٹی بی مکت پنچایت ایوارڈز بھی دیے گئے۔**

**اس موقع پر نِکشے عہد دلایا گیا اور نکشے متروں کو اعزازات سے نوازا گیا۔**

**ابھیان**

جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں ایک سو روز تک جاری رہنے والے ”ٹی بی مکت بھارت ابھیان “کے سلسلے میں یوٹی بھر میں یداری اور آگاہی پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں ۔ اس بارے میں جموں کشمیر کے محکمہ صحت میں جموں صوبے کے لئے سٹیٹ Tuberculosis ڈاکٹر Jyoti Jolly آفیسر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

-------Jyoti -------

اس ابھیان کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کشمیر صوبے کی سٹیٹ Tuberculosis ڈاکٹر Basra Mir آفیسر نے کہا ۔

-------Basra-----

ایل جی منظوری

اسی دوران ایل جی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ انتظامیہ نے اننت ناگ –مٹن– بجبہاڑہ کلسٹر، کٹھوعہ– ہیرانگر – پرول –لکھن پور کلسٹر، اور جموں زون-3 میں انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سہولیات کے قیام کی منظوری دے دی ہے۔

اس پروجیکٹ پر 11 ارب 62 کروڑ 40 لاکھ روپے کی لاگت آئے گی۔

LGمبارک

کل پورے جمونو کشمیر میں رام نومی کا تہوارجوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے رام نومی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

اپنے مبارکبادی کے پیغام میں انہوننے کہا کہ یہ تہوار بھگوان رام کے جنم دن کی یاد میں منایا جا تا ہے۔ انہوننے کہا کہ بھگوان رام کے اصول ، ہمدردی ، نرم دلی، حق و صداقت اور نظم و ضبط کی عکاسی کر تا ہے۔ انہوننے دعا کی ہے کہ یہ تہوار ہم سب کےلئے امن ، ترقی اور خوشحالی کی نوید لے کر آئے۔

عمر

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمونو کشمیر کے لوگوں کو رام نومی کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انہوننے کہا کہ بھگوان رام کی زندگی اور اصول ہم سب کےلئے مشعل راہ ہیں اور اُن کی تعلیمات ہمیں حق و صداقت کے راستے پر چلنے کا درس دیتے ہیں۔ اس موقعے پر انہوننے جمونو کشمیر کے عوام کی فلاح و بہبود اور خوشحالی کے لئے دعا کی۔

نائب وزیر اعلیٰ

کنوینشن سینٹر جموں میںآج نائب وزیرا علیٰ سریندر چودھری کی صدارت میں مشن سکل سے متعلق ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔اس موقعے پرخطاب کرتے ہوئے نائب وزیرا علیٰ نے کہاکہ مشن Skill کی بدولت جموں کشمیرکے لاکھوں نوجوانوں کو فائدہ ملے گا اور وہ ہنر مند بن کر آسانی سے اپنے لئے روز گار کے وسائل پید ا کر سکتے ہیں۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن کر سکتے ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں - Radiokashmir@gmail.com

-----Gong----

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں -

پرویز مانوس

جموں کشمیراکیڈمی آف آر ٹ کلچر اینڈ لنگویجز کی طرف سے آج ٹائیگور ہال میں ایک تقریب کاانعقاد کیا گیا ، جس میں معروف ادیب ،شاعر ، افسانہ نگار اور ناول نگار پرویز مانوس کے ناول” عشق جس نے بھی کیا“ کی رسم و رونمائی انجام دی گئی ۔ تقریب کی صدارت کسٹوڈین جنرل جموں کشمیر نواب الدین کسانہ نے کی ، جبکہ کشمیر یورنیورسٹی کے شعبہ اُردو کے صدر پروفیسر عرفان عالم بطور مہمان خصوصی جبکہ آکاشوا نی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر مہمان ذی وقار کی حیثیت سے تقریب پر موجود تھے۔تقریب میں کافی تعداد میں ادیبوں ، شاعروں اور قلمکاروں نے شرکت کی۔ناول کے بارے میں جموں کشمیر کے کسٹوڈین جنرل نواب الدین کسانہ نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

...........Byte........

ناول کے مصنف پرویز مانوس نے اپنے اس تخلیقی کام کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

............Byte............

حج اطلاع

جموں کشمیر حج کمیٹی اس سال حج کیلئے منتخب ہوئے عازمین کو اطلا ع دیتے ہیں کہ وہ 31مارچ تک رقومات کی تیسری قسط جمع کرائیں۔واضح رہے کہ اس سال سرینگر سے روانہ ہونے والے عازمین کو قربانی کی رقم چھوڑ کر، تین لاکھ91 ہزار 6سو روپے، دلی سے روانہ ہونے والے عازمین کو3لاکھ 46ہزار 6سو ، جبکہ ممبئی سے روانہ ہونے والے عازمین کو 3لاکھ 40ہزار 250روپے ادا کرنے ہوں گے۔

کا بینہ

نئی دلی میں وزیر اعظم نریندر مو دی کی صدارت میں منعقدہ مرکزی کا بینہ کی میٹنگ کے دوران Regional Connectivity Scheme-Modified UDAN کی عمل آوریی کو منظوری دی گئی۔ اس سکیم کے تحت علاقائی رابطوں کو مستحکم کرنے کےلئے اگلے دس برسوں کے دوران28ہزار840کروڑ روپے بجٹ منصوبے کو بھی منظور کیا گیا۔ کا بینہ نے

**Immigration،Visa،**

**Foreign registration & Trackng**

**سکیم کو بھی اگلے5برسوں کےلئے توسیع کو ہری جھنڈی دکھائی۔**

**نائب وزیر اعلیٰ**

**نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری ، کا بینہ وزیر ستیش شرما، سکینہ ایتو، جا وید احمد ڈار، جا وید احمد رانا نے بھی لوگوں کو رام نومی ک مبارکباد دی ہے۔**

**کشمیر وی کے بردی ، صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ، IGPنلین پربھات، DGP اینٹی کورپشن جموں وکشمیر کے ڈائریکٹر شکتی پاٹھک نے بھی لوگوں کو رام جموں وکشمیر کے صدر جی ایم شاہین JDUنومی کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔ نے بھی لوگوں کو رام نومی کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔**

**رانا**

**JK جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی میں آج وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ 2026کا منعقد ہوا جس میں کئی نوجوان لیڈروں نے شرکت کی ۔ جل شکتی کے وزیر Round جاوید احمد رانا جو اس موقعے پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے نے جمہوری عمل میں نوجوانوں کی زیادہ سے زیادہ شمولیت کی اہمیت کو اجا گر کیا۔**

**جاوید ڈار**

**نے Veterenary زراعت کے وزیر جاو ید احمد ڈار نے آج لال منڈی سرینگر میں اسپتا ل Ruminant بنیادی ڈھانچے کو فروغ دیتے ہوئے جدید طرز کے ایک کمپلیکس کا افتتاح کیا۔ وزیر موصوف نے اس موقعے پر کہا کہ اس اسپتال سے وادی کے بھیڑ اور بکری پالنے والوں کو کافی فائدہ ہوگا۔**

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جمونکشمیر میں مختلف محکموں میں بھرتی قوانین کی اپڈیشن میں تیزی لانے کی افسروں کو ہدایات دی ہے ۔ جموں میں آج ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران بولتے ہوئے انہوننے کہاکہ مختلف محکموں میں شفافیت اور جوابدہی لانے کیلئے منظم بھرتی قوانین کا ہونا لازمی ہے ۔

سیاسیGong

*........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کے بیانا ت پر مبنی خبریں۔

----Gong----

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے رام نومی کے موقعے پر ہندو برادر ی بالخصوص کشمیری پنڈتوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوننے کہا کہ یہ تہوار ہمیں آپسی بھائی چارے اور رواداری کا درس دیتا ہے۔

پارٹی کے کئی دیگر لیڈروں نے بھی لوگوں کو رام نومی کی مبارکباد دی ہے ۔ پارٹی کے جنرل سکریٹری علی محمد ساگر نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر پارٹی لیڈروں کی کارکنوں کے ایک اجلاس کی صدار ت کی اور تنظیمی امور کا جائزہ لیا۔

پارٹی کے صوبائی صدر کشمیر سلمان علی ساگر نے وانگوٹا تیل بل میں واٹر سپلائی سکیم کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ اس سکیم کی بدولت علاقے کے لوگوں کو پینے کا صاف پانی مہیا ہو گا۔

PDP

پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے مرکز ی حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آسیہ اندرابی کوتاحیات عمر قید کی سزا دینے کی پالیسی پر از سر نو غور کرے۔ سرینگر میں پارٹی دفتر پر میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ وہ مُقید علیحدگی پسند خاتون کی آئیڈیالوجی سے بالکل نفی کر

تی ہیں۔ انہوںنے کہا کہ آسیہ اندرابی نے پہلے ہی کا فی وقت حراست میں گذارا ہے اور اسکی بزرگ عمر اور دیگر پہلوؤں کو مد نظر رکھتے ہوئے سرکار سے اسکے ساتھ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر سلوک کئے جانے کی درخواست ہے۔ انہوںنے مزید کہا کہ حکومت نے پہلے ہی انسانیت کی بنیاد پر دیگر ایسے ہی مجرموں کے حق میں نرمی اختیار کی ہے۔

اشوک کول

بی جے پی جموںو کشمیر کی طرف سے آج اوڑی بارہمولہ میں پنڈت دین دیال اُپادیائے پرشکشن مہا ابھیان 2026 کے تحت ایک تر بیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کر تے ہوئے پارٹی کے جنرل سکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے زمینی سطح پر پارٹی کو مضبوط کرنے میں پرشکشن مہا ابھیان کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جموںکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے جموں کشمیر ٹریجریز میں بقول ان کے فنڈس کی قلت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ رقومات کی کمی سے ملازمین، سبکدوش اہلکاروں ، پنشنروں ، ٹھیکہ داروں اور عام لوگوں کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ لوگوں کو اپنی رقم حاصل کرنے کیلئے دفاتر اور ٹریجریز کا بار بار چکر لگانے پر مجبور کیاجاتا ہے۔

اطلاع

ڈسڑکٹ نیوز لیٹر کا تازہ شمارہ آج رات ساڑھے8 بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر ہو گا۔ آج کے پروگرام میں ضلع اننت ناگ سے متعلق بات ہو گی۔

ٹولپ

زبر ون پہاڑی سلسلے کے دامن میں واقع ایشیاءکا سب سے بڑا ٹولپ گارڈن ان دنوں مقامی، ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کی دلچسپی کا مرکز بنا ہوا ہے اور اب

تک لگ بھگ80ہزار سے زائد سیاحوں نے اس باغ کی سیر کی اور اس کی منفرد خوبصورتی سے لطف اندوز ہوئے۔

ایک سیاح نے ہمارے نمائندے محمود احمد خان کے ساتھ وہاں بات کر تے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

-----Byte-----

اے سی بی

جموںو کشمیر نے آرونی اننت ناگ کے نائب تحصیلدار مشتاق احمد بٹ ACB کو20ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا ہے۔

پولیسGong

*........اب پیش ہیں منشیات کے خلاف پولیس اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----Gong----

جموں پولیس

ادھمپور پولیس نے ضلعے کے مختلف علاقوں سے4بدنامہ زمانہ ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔ پونچھ پولیس نے غیرقانونی کان کنی میں ملوث4گاڑیوں کو ضبط کیا ہے۔

کشمیر پولیس

پولیس نے گاندربل میں غیر قانونی طور معدنیات لے جانے والے3ٹپروں اور کو ضبط کیا ہے۔ اونتی پورہ پولیس نے ترال سے تین کمار بازوں کو گرفتار JCBایک کرکے اُن سے11ہزار450روپے ضبط کئے ہیں۔

پولیس نے چچلورہ کنزر میں ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کرکے اُس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

پولیس نے اونتی پورہ میں غیر قانونی کان کنی میں ملوث دو گاڑیوں کو ضبط کیا ہے۔

ہمدانی

جمعیت ہمدانیہ کے سر براہ مولوی ریاض احمد ہمدانی 26مارچ دن میں12بجے تاریخی خانقاہ معلی میں حضرت میر سعید علی ہمدانی کی زیارت گاہ پر ماہ شوال کی فضیلت اور شکرانہ عید الفطر اور رمضان پر وعظ فرمائیں گے۔

نماز ظہر کے بعد وہاں ختمات المعظمات اور درود و ازکار کی مجلس آراستہ ہو گی۔

ہماری ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

....(PM)....Byte........

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک نیوز اینکر آصفہ میر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

Opening Music

........Byte........

Closing Music

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں وکشمیر مینموسم عام طور سے خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت21 اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت4اعشاریہ9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28 اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صب□6بجکر 26 منٹ اور

غروب آفتاب شام6 بجکر47منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صب□ 7.45 منٹ پر

کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

.........................................

.........................

..........